Bullet No. 2

Dated: 23 APR 2024 Page No. 18


## صوبے میں بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں پاک فوج، پی ڈی ایم اے کی سرگرمیاں جاری

حالیہ بارشوں وسیلاب سے اب تک 16 افراد جاں بحق، متاثرہ علاقوں میں فصلات و مکانات کو نقصان پہنچا، سڑکوں کی بحالی کا کام جاری ہے

**پاک فوج، پی ڈی ایم اے، ضلعی انتظامیہ گوادر، جی ڈی اے کی ٹیمیں گوادر، جیونی، پشکان میں نکاسی آب آپریشن میں حصہ لے رہی ہیں**

کوئٹہ (یو این اے) موسم کی صورتحال اور پی ڈی ایم اے وضلعی انتظامیہ کی امدادی سرگرمیاں جاری ہیں، پی ڈی ایم اے بلوچستان کے مطابق صوبے کے دیگر اضلاع میں موسم نارمل رپورٹ ہوئی ہے پی ڈی ایم اے بلوچستان، ضلعی انتظامیہ، پاک فوج کی طرف سے متاثرہ اضلاع میں ریسکیو و ریلیف آپریشن جاری ہے پی ڈی ایم اے بلوچستان وضلعی انتظامیہ چمن کی طرف سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف آپریشن........

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

جاری ہے متاثرہ سڑکوں کی بحالی کیلئے ہیوی مشینری کے ذریعے بحالی کا کام جاری ہے بارش وسیلاب کی وجہ سے ضلع ژوب میں مکانات کو جزوی نقصان پہنچے اور ایک شخص کے جاں بحق ہونے کی اطلاع ملی ہے حالیہ بارشوں وسیلاب سے اب تک مجموعی طور پر 16 افراد جاں بحق ہوئے ہیں بارش و سیلاب کی وجہ سے متاثرہ علاقوں میں فصلات و مکانات کا سروے جاری ہے پی ڈی ایم اے وضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی طرف سے ہنہ اوڑک کے متاثرہ راستوں کی بحالی کا کام جاری ہے پی ڈی ایم اے، ضلعی انتظامیہ گوادر، جی ڈی اے و پاک فوج کی ٹیمیں گوادر، جیونی، پشکان میں نکاسی آب وریلیف آپریشن میں حصہ لے رہی ہیں

## اعلیٰ تعلیم کے فروغ کیلئے فنڈز کا شفاف استعمال ضروری ہے، وی سی جامعہ گوادر

**فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی اجلاس میں نظرثانی شدہ تخمینے پر ممبران کی تجاویز کے ساتھ منظوری**

گوادر (یو این اے) جامعہ گوادر کی چوتھی فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی کا اجلاس زیر صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر جامعہ کے میٹنگ روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں جامعہ گوادر کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد، ڈائریکٹر فنانس ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد میڈم ثمینہ درانی، ایڈیشنل سیکرٹری فنانس حکومت بلوچستان یاسر حسین، رجسٹرار دولت خان، ڈائریکٹر فنانس فتح محمد، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز ڈاکٹر جان محمد، ڈائریکٹر ..........

بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

کیو اے سی ڈاکٹر کبیر فاروق، لیکچرار مجاہد حسین اور سعدیہ نصیر شریک تھے۔ وائس چانسلر نے کہا کہ ان کا ادارہ خطے میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لیے عوامی فنڈز کا شفاف استعمال اور مالیاتی قواعد وضوابط پر عملدرآمد کو انتہائی ضروری سمجھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بروقت اور بہتر منصوبہ بندی، بہتر مالیاتی نظم و ضبط، قانونی اداروں کے اجلاسوں کا تواتر سے انعقاد، معیاری تعلیمی نظام اور میرٹ کی سختی سے پابندی کامیاب اداروں کی پہچان ہے۔ اجلاس میں فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی کی تیسری میٹنگ کے فیصلوں کی توثیق کے علاوہ، مالی سال 2022-23 کے لیے اصل اخراجات اور 2023-24 کے نظرثانی تخمینے کی ممبران کی جانب سے تجاویز کے ساتھ منظوری دی گئی۔

## بارشوں سے چمن میں جانی و مالی نقصانات ہوئے، ڈی سی

**کئی یونین الاصلاحی اور قومی شاہراہوں کو بڑے پیمانے پر نقصانات پہنچے**

**عوام کی ہر قسم کی امداد اور ان کے نقصانات کا ازالہ کریں گے، اطہر عباس**

چمن (ح ن) ڈی سی چمن راجہ اطہر عباس نے اپنے ایک وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ حالیہ شدید طوفانی بارشوں اور برساتی نالوں اور ریلوں کی وجہ سے چمن کے عوام اور شہر وگردونواح میں جانی و مالی نقصانات کے ساتھ ساتھ اکثر یونین الاصلاحی اور قومی شاہراہوں کو بڑے پیمانے پر نقصانات پہنچا ہے میڈیا والے اعتراض کر رہے ہیں اور ان کا کہنا ہے چمن شہر کے اڈہ کہول رحمان کہول روڈ گوری کہول روغانی روڈ علاقوں تبلیغی مرکز کے آس پاس........

بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

علاقوں میں اب بھی سیلاب متاثرین بے یارو مددگار پڑے ہیں ان لوگوں کو ٹیموں کی سخت ضرورت ہے اب 25 تاریخ سے محکمہ موسمیات نے بارشوں کے ایک نئے سلسلے کی پیش گوئی کی ہے اگر یہ بارشیں ہوں تو مزید نقصانات کا خطرہ ہے ان سیلاب متاثرین کا کہنا ہے کہ ان کو اب تک امداد نہیں ملی ہے اور نہ کوئی سروے کرنے کیلئے آیا ہے ڈپٹی کمشنر صاحب سے گزارش ہے کہ فوری طور پر پی ڈی ایم اے اور این ڈی ایم اے کو اس ناگفتہ بہ صورتحال سے آگاہ کریں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 23 APR 2024 Page No. 20


## کچے کے ڈاکوؤں کو بلوچستان میں جائے پناہ نہیں ملے گی، ڈی آئی جی نصیر آباد

بلوچستان پولیس میں فل فرائی اور ہاف فرائی کا کوئی تصور نہیں ہے، نصیر آباد ریجن کی پولیس کو سرحدی علاقوں میں ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے، سلیم لہڑی

**118 مفرور و اشتہاری ملزمان گرفتار کیے گئے، کروڑوں روپے مالیت کی منشیات و اسلحہ برآمد، سہولت کار گرفتار کیے، ڈاکٹر سمیع کی پریس کانفرنس**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار، نصیر آباد) آئی جی بلوچستان پولیس عبدالخالق شیخ کی ہدایت پر ضلع نصیر آباد پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف منظم کارروائی گزشتہ 2 ماہ کے دوران 118 مجرمان، مفرور و اشتہاری ملزمان گرفتار کر لیے گئے ہیں جن میں سے یکم اپریل کو کسی فیلنگ ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ایک تاجر عبدالکریم عرف اکرم سے چھینی گئی رقم 24 لاکھ روپے سے 20 لاکھ روپے برآمد کیے گئے، دو سہولت کاروں علی شیر اور زاہد حسین کو گرفتار کیا گیا جبکہ ڈکیتی میں ملوث ملزمان کو جلد گرفتار کیا جائے گا۔ یہ بات ڈی آئی جی پولیس نصیر آباد ریجن ملک سلیم لہڑی اور ایس ایس پی نصیر آباد ڈاکٹر سمیع اللہ ملک نے پر ہجوم پریس کانفرنس میں کہی اس موقع پر ڈی ایس پی غلام یاسین جمالی مختلف تھانوں کے ایس ایچ او غلام علی کندرانی، روشن علی کاسی، محمد موسیٰ مری طالب حسین لاشاری و دیگر موجود تھے گزشتہ 2 ماہ کے دوران کروڑوں روپے کی مالیت کی منشیات، اسلحہ اور مسروقہ موٹر سائیکلز اور موٹر کار بھی شامل ہیں جبکہ ضلع خیر پور سندھ سے مغوی مسمات عائشہ اور شیخوپورہ پنجاب سے اغوا کی گئی خاتون مسمات کبریٰ کو بازیاب کر کے ان کے ورثاء کے حوالے کر دیا گیا متعدد قمار بازوں اور جواریوں کو بھی گرفتار کیا گیا انہوں نے کہا کہ نیشنل ہائی وے پولیس کی معاونت بھی رہی ہے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ایس ایچ او و دیگر اہلکاروں کی ہر لحاظ سے حوصلہ افزائی کی جائے گی اور امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے گئے ہیں ایک سوال کے جواب میں ڈی آئی جی نصیر آباد نے کہا کہ سندھ کے کچے کے علاقے میں جاری آپریشن کے دوران فرار ہونے والے ڈاکوؤں کو بلوچستان میں جائے پناہ نہیں ملے گی اس سلسلے میں نصیر آباد ریجن کی پولیس کو سرحدی علاقوں میں ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس میں ہاف فرائی اور فل فرائی کا کوئی تصور نہیں ہے ہم قانون کی عملداری پر مکمل یقین رکھتے ہیں۔

## آفیسر فرائض پر توجہ دیں، کرپٹ عناصر کے خلاف کارروائی ہو گی، طارق قمر بلوچ

تعمیراتی منصوبوں میں ایڈوانس ادائیگی کرنے والے آفیسران اور ٹھیکیداروں کے خلاف ایکشن لیا جائے گا

**ہماری کوشش ہے کہ کیسز سالوں کے بجائے مہینوں میں ہی نمٹائے جائیں، کمشنر نصیر آباد کا اجلاس سے خطاب**

نصیر آباد (خ ن۔ نامہ نگار) کمشنر نصیر آباد ڈویژن طارق قمر بلوچ اور ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن بلوچستان عبدالواحد کاکڑ نے کہا ہے کہ آفیسران اپنی فرائض منصبی پر خصوصی توجہ کریں کرپٹ عناصر کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی تعمیراتی منصوبوں میں ایڈوانس ادائیگی کرنے والے افیسران اور ٹھیکیداروں کے خلاف ایکشن لیا جائے گا ہماری بھرپور کوشش ہے کہ کیسز سالوں کے بجائے مہینوں میں ہی نمٹائے جائیں افسران کسی صورت ایسے اقدامات نہ کریں جو ان کے لیے وبال جان بن جائیں کرپشن کے ناسور کو ختم کرنے کے لیے سخت اقدامات کرنا ناگزیر بن چکا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اینٹی کرپشن کے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن نصیر آباد عبدالوحید جتوئی ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن شاہ زمان مندوخیل ایگزیکٹو انجینئر زاہد ظفر کھوسہ جہانزیب بنگلزئی شاہد رحیم بنگلزئی عرفان علی اکبر علی لاشاری سمیت ڈویژنل افسران عبدالحمید پال محمد ظفر، سمندر خان کھوسہ امیر جان مگسی سید حسین شاہ، محمد سلیم کھوسہ فیروز علی ابڑو جہانگیر کھوسہ اور ایم ایس ڈاکٹر شوکت کھوسہ سمیت دیگر افسران موجود تھے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر نصیر آباد ڈویژن طارق قمر بلوچ اور ڈی جی اینٹی کرپشن عبدالوحد کاکڑ نے کہا کہ ہم نہیں چاہتے کہ افسران گرفت کی زد میں آئیں افسران اپنے آفس ریکارڈ کو درست رکھیں اور اینٹی کرپشن کی جانب سے طلب کیے گئے ریکارڈ کی فراہمی کو یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ کی جانب سے جو سٹریٹ لائٹس لگائے گئے ہیں وہ تھرڈ کوالٹی کی ہیں جن کی انکوائری کر رہے ہیں ہمیں ہر قسم کی اطلاعات موصول ہو رہی ہیں اینٹی کرپشن سے وزیراعلیٰ بلوچستان کارکردگی رپورٹ طلب کرتے رہتے ہیں اس لیے آپ سب کو الرٹ کیا جا رہا ہے کہ وہ کام نہ کریں جس سے آپ کا سکون خراب ہو لاج میں وہ کام ہرگز نہ کریں جو آپ کے لیے خطرناک ثابت ہوں انہوں نے کہا کہ جو ٹھیکیداران درست معنوں میں کام نہیں کرتے ان کے خلاف کارروائی کے لیے اینٹی کرپشن کو مطلع کریں

# وفاقی و صوبائی حکومتیں ایمرجنسی بنیادوں پر ہمارے مسائل حل کریں، کسان اتحاد

**حالیہ بارشوں سے کسانوں کی کھڑی فصلیں تباہ' باغات کو نقصان پہنچا لیکن حکومتیں خاموش تماشائی بنی ہوئی ہیں' خالد حسین باٹھ**

**مسائل حل نہ ہوئے تو 29 اپریل کو پنجاب اور اس کے بعد بلوچستان اسمبلی کے باہر بھی دھرنا دیں گے' چیئرمین کی پریس کانفرنس**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین باٹھ نے کہا ہے کہ وفاقی وصوبائی حکومتیں فوری طور پر ملک میں زرعی ایمرجنسی نافذ کر کے کسانوں کے مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھائیں، بلوچستان کے کسانوں کے ٹیوب ویلوں کو فوری طور پر سولر سسٹم پر منتقل کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں، حکومت پنجاب نے کسانوں کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے اقدامات ........

بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

اور گندم ریٹ میں اضافہ نہ کیا تو 29 اپریل کو پنجاب اسمبلی کے سامنے کسان اتحاد پر امن دھرنا دیں گے یہ بات انہوں نے کسان اتحاد کے رہنماء عصمت اللہ دمڑ اور دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی خالد حسین باٹھ نے کہا کہ بلوچستان سمیت پورے پاکستان میں حالیہ بارشوں اور ژالہ باری سے کسانوں کا کافی نقصان ہوا ہے انکی کھڑی فصلیں تباہ اور باغات کو نقصان پہنچا اور سیلاب کی وجہ سے زرعی زمینیں زیرآب آگئیں جبکہ حکومتیں خاموش تماشائی بنی ہوئی ہیں انہوں نے کہا کہ کسانوں کی وجہ سے ملک کا معاشی نظام چل رہا ہے اور یہاں کسانوں کا ہی کوئی پرسان حال نہیں' حکومت کی طرف سے کسانوں سے کئے جانے والے وعدوں پر ابھی تک عملدرآمد نہیں ہوا انہوں نے کہا کہ حکومت نے بیرون ملک سے 22 لاکھ ڈالر کی گندم منگوائی ہے جو گوداموں میں پڑی ہوئی ہیں

# پنجگور میں قتل و غارتگری عام، اب مزید لاشیں نہیں اٹھا سکتے، مولانا ہدایت الرحمان

**ڈاکو شہریوں کو قتل کر کے فرار ہونے میں کامیاب اور امن کے دعویدار فخر سے کہتے ہیں نامعلوم افراد' ہم سب کو پتہ ہے یہ نامعلوم کون ہیں' رکن اسمبلی**

**روزانہ کی بنیاد پر نوجوانوں کے قتل عام' چوری' ڈاکہ زنی کی وارداتوں کے باوجود پنجگور پولیس وانتظامیہ خواب خرگوش میں مبتلا ہیں**

پنجگور (این این آئی + آن لائن) حق دو تحریک بلوچستان کے سربراہ اور رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پنجگور میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال آئے روز قتل و غارتگری چوری ڈاکہ زنی کی وارداتوں موبائل انٹرنیٹ کی بندش اور بجلی بحران پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی پنجگور کی 23 اپریل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے ........

بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

حق دو تحریک کے تمام کارکنوں' ہمدردوں کو آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی سے بھرپور تعاون اور ساتھ دینے کی ہدایت کی ہے انہوں نے ان خیالات کا اظہار پنجگور پریس کلب سے ٹیلیفونک گفتگو کرتے ہوئے کیا مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ پنجگور میں امن وامان کی صورتحال انتہائی خراب روزانہ ٹارگٹ کلنگ کے دوران معصوم لوگوں کا قتل گھمبیر حالات کی نشاندہی ہیں

# 3 روزہ عید میلہ اختتام پذیر
# ناراض بلوچ واپس آکر بلوچستان کی ترقی میں کردار ادا کریں، سیاسی رہنما، اراکین اسمبلی

**بلوچستان سے باہر کے لوگ کہتے ہیں یہاں حالات خراب ہیں آج اس میلے نے ثابت کیا صوبہ پرامن اور خوشحال ہے' فرح عظیم شاہ**

**دوسرے ممالک کے اشاروں پر جو لوگ حالات خراب کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں انہیں اسکی اجازت نہیں دے سکتے' دنیش کمار' چنگیز جمالی**

**اختتامی پروگرام سے اراکین اسمبلی سیاسی رہنماؤں کا خطاب، بیکر ٹریز و دیگر بھی موجود، عید میلہ کے کامیاب انعقاد پر وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کو خراج تحسین پیش**

کوئٹہ (اے این این) نومنتخب نمائندوں و سیاسی رہنماؤں نے کہا ہے کہ بلوچستان امن کا گہوارہ ہے امن برقرار رکھنے کیلئے حکومت کے ساتھ عوام کا بھی فرض بنتا ہے کہ وہ کردار ادا کریں ناراض بلوچ ناراضگی کی بجائے واپس آ کر صوبے کی ترقی و خوشحالی میں کردار ادا کریں امن پاکستان کے زیر اہتمام عید میلہ خوش آئند ہے اور اس میلے میں کوئٹہ کے علاوہ پنجگور آواران اور دیگر علاقوں سے بچوں نے شرکت ........

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

کر کے یہ ثابت کیا کہ بلوچستان کے عوام ملک کے ساتھ ہیں اور رہیں گے، ان خیالات کا اظہار بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنماء سینیٹر دنیش کمار، پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر میر چنگیز جمالی، رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ، فائزہ ملک و دیگر نے تین روزہ عید میلہ کے اختتامی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر اراکین اسمبلی بیکر ٹریز و دیگر بھی موجود تھے، انہوں نے کہا کہ عید میلہ پر ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے اس طرح کے پروگرام کا انعقاد کر کے عوام کیلئے ایک تفریح کا موقع فراہم کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حوالے سے باہر کے لوگ جو کہتے ہیں یہاں حالات خراب ہیں آج اس میلے نے ثابت کیا کہ بلوچستان ایک پرامن اور خوشحال صوبہ ہے یہاں پر رہنے والے تمام لوگ آپس میں بھائی بھائی ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 23 APR 2024

Page No. 24

## نواحی علاقے سرہ غوڑگئی میں مسائل کے انبار، مکین پریشان

**صفائی کی صورتحال ناگفتہ بہ، جا بجا کوڑا کرکٹ کے ڈھیر، ایڈمنسٹریٹر سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے نواحی علاقے سرہ غوڑگئی میں مسائل کے انبار بنیادی سہولیات کا فقدان مکین عاجز آگئے تفصیلات کے مطابق سرہ غوڑگئی کے مکین اس دور جدید میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں علاقے میں صفائی کی صورتحال ناگفتہ بہ ہے جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں جس سے شدید تعفن پھیل رہا ہے اور امراض پھیلنے کا بھی خطرہ ہے علاقے میں نکاسی آب کا نظام بھی درہم برہم ہے دوسری جانب اسٹریٹ لائٹس بھی ناکارہ ہیں جس کی وجہ سے سر شام ہی اندھیرا چھا جاتا ہے سرہ غوڑگئی کی سڑکیں بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں اہل علاقہ نے بتایا کہ متعلقہ حکام کی عدم توجہی کے باعث علاقہ کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ فی الفور مذکورہ علاقے کے مسائل حل کیے جائیں۔

## گنداواہ: بارشوں کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے، عوامی حلقے

گنداواہ (نامہ نگار) طوفانی بارشوں اور ریکارڈ سیلاب کے بعد عوام کے ناقابل تلافی نقصانات ہوئے ہیں زراعت، مال مویشی، مکانات اور سب کچھ سیلاب کی نذر ہو گیا صوبائی حکومت اور این ڈی ایم اے و پی ڈی ایم اے اور غیر سرکاری تنظیموں کی جانب سے بحالی کے اقدامات سے متاثرہ عوام کو امداد مل رہی ہے عوامی حلقوں نے متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ ایم سی جھل مگسی اور ایم سی گنداواہ سمیت ضلع کی تمام یونین کونسلز کو شامل اور غیر سرکاری تنظیموں میں مقامی تعلیم یافتہ نوجوانوں کو بھی بھرتی اور نقصانات کا ازالہ کیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## قدیم سریاب روڈ کے علاقہ مکینوں کیلئے بارش رحمت کی بجائے زحمت بن چکی ہے، عوامی حلقے

**سریاب روڈ گاہی خان چوک سریاب کسٹم میں بارشوں کا پانی جمع ہونے کی اہم وجہ کسی بھی جگہ پل کا نہ ہونا ہے، لالا عمر خان**


**مشرقی بائی پاس اور کوہ مردار مہر درے سے نکلنے والے برساتی نالے ریلوے لائن کے پلوں سے گزر کر سریاب کا رخ کرتے ہیں، ملک ابراہیم**

**کیچی بیگ سے سریاب کسٹم پیر ہوٹل و پیٹرول پمپ اور بی روڈ ریلوے پھاٹک تک ایک پل بھی کارآمد نہیں ہے، محمد عثمان پرکانی**

**سریاب کسٹم سے مستونگ روڈ پر کوئی پل نہیں بنایا گیا تمام برساتی گزرگاہوں نالوں پر تجاوزات قائم کر کے بند کر دیا گیا ہے، انور مینگل**

**سریاب روڈ کا از سر نو جائزہ لیکر جہاں پلوں کی ضرورت ہے وہاں پل بنائے جائیں نالوں سے تجاوزات ہٹا کر صاف کیا جائے، رحمت اللہ**

کوئٹہ (نمائندہ مشرق) حالیہ بارشوں سے جہاں کوئٹہ کے دیگر نواحی علاقوں میں بارشوں نے نقصانات کیئے ہیں وہاں سریاب جو کہ کوئٹہ کا دل سمجھا جاتا ہے اور سریاب کا شمار کوئٹہ کے قدیم ترین علاقوں میں ہوتا ہے۔ جس قدر سریاب قدیم علاقہ ہے اس سے کہیں زیادہ پسماندہ بھی ہے جہاں پر سیوریج سسٹم اور پختہ سڑکوں اور پختہ



نالیاں نہ ہونے کے برابر ہیں جس کی وجہ سے سریاب کے مکینوں کو عام دنوں میں بھی مشکلات کا سامنا رہتا ہے مگر بارشوں میں تو گھروں اور دکانوں میں بھی پانی داخل ہو جاتا ہے اسی حوالے سے اہلیان سریاب روڈ لالا عمر خان اتمانزئی ملک ابراہیم شاہوانی حاجی محمد عثمان پرکانی چیئرمین محمد انور مینگل رحمت اللہ بنگاری داؤد خان ناتوری نواب خان نے مشرق سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سریاب روڈ گاہی خان چوک سریاب کسٹم میں بارشوں کے بعد سیلاب کا پانی جمع ہونے اور سڑک پر سیلابی صورتحال کے پیدا ہونے کی اہم وجہ کسی بھی جگہ پل کا نہ ہونا ہے۔ جبکہ مشرقی بائی پاس اور کوہ مردار مہر درے سے نکلنے والے تمام برساتی نالے مشرقی بائی پاس روڈ اور ریلوے لائن کے کئی پلوں سے گزر کر سریاب روڈ کا رخ کرتے ہیں۔ اور کیچی بیگ سے سریاب کسٹم پیر ہوٹل و پیٹرول پمپ اور بی روڈ ریلوے پھاٹک تک ایک پل بھی کارآمد نہیں اسی طرح سریاب کسٹم سے مستونگ روڈ پر سادات ہوٹل تک کوئی پل نہیں بنایا گیا ہے۔ اور تمام برساتی گزرگاہوں نالوں کو لوگوں نے تجاوزات قائم کر کے بند کر دیا ہے۔ جس کی وجہ سے بارش کے دنوں میں سریاب روڈ دریا کا منظر پیش کرتا ہے۔ جس سے سریاب روڈ اور لوگوں کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ الگ سے موجود رہتا ہے اب بھی وقت ہے سریاب روڈ کا از سر نو جائزہ لیکر جہاں پر پلوں کی ضرورت ہے وہاں پر پل بنائے جائیں اور پرانے برساتی ندی نالوں سے تجاوزات ہٹا کر ان کو صاف کیا جائے اور جو پل تجاوزات کی وجہ سے بند ہیں ان کو فوری طور پر کھولا جائے سونے پہ سہاگا یہ کہ سریاب روڈ کو ڈبل کرنے کے دوران راستے میں آنے والے پلوں کو بھی نیا نہیں کیا گیا وہی پرانی پلوں پر روڈ بنا دیا گیا ہے۔ جن میں اریگیشن نزد واپڈا گریڈ اور بادینی اسٹاپ وغیرہ کے پل شامل ہیں جن سے کبھی بھی کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آسکتا باقی حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی صورتحال یہ ہے کہ جب بھی بارشیں ہوتی ہیں تو حکومتی نمائندے اور کمشنر ڈپٹی کمشنر اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر متعلقہ ذمہ داران بارشوں سے گرنے والے مکانات اور دیگر نقصانات کا جائزہ لے کر چلے جاتے ہیں مگر افسوس کہ اس پر کوئی عمل نہیں ہوتا ہے سوائے فوٹو سیشن کے کئی سالوں سے یہی صورتحال چلی آرہی ہے اس لیئے حکومت کو چاہئے کہ اس اہم مسئلہ پر خصوصی توجہ دے تاکہ آئندہ ہونے والی بارشوں سے سریاب سمیت کوئٹہ کے دیگر نواحی علاقوں میں عوام کو نقصانات سے بچایا جا سکے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 5

Dated: 23 APR 2024 Page No. 25


تنخواہوں کی عدم ادائیگی

# مختلف محکموں میں نئے بھرتی ملازمین کی مالی مشکلات میں اضافہ

## ضلع کچھی، خضدار، قلات، سوراب اور دیگر اضلاع کے محکموں میں خالی اسامیوں کو پر کرنے کیلئے نوجوانوں کو بھرتی کیا گیا

## محکمہ خزانہ حکام کیجانب سے تصدیق کا بہانہ بنا کر ملازمین کی تنخواہیں جاری نہ کرنا ظلم، وزیراعلیٰ فوری نوٹس لیں، متاثرین

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے سبب مختلف محکموں میں نئے بھرتی ہونیوالے ملازمین کی مالی مشکلات بڑھ گئیں۔ گزشتہ 8 ماہ سے اپنی ڈیوٹیاں سرانجام دینے والے ملازمین ذہنی کوفت میں مبتلا ہوگئے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان، صوبائی وزیر خزانہ اور چیف سیکریٹری بلوچستان سے نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا۔ تفصیلات کے بلوچستان کے ضلع کچھی، خضدار، قلات، سوراب اور دیگر اضلاع کے سرکاری محکموں میں خالی آسامیوں کو پر کرنے کیلئے نوجوانوں کو بھرتی کیا گیا۔ تحریری امتحان اور انٹرویو میں پاس ہونے کے بعد محکمہ صحت، تعلیم، زراعت، پی ایچ ای، لوکل گورنمنٹ، حیوانات، لیویز فورس و دیگر محکموں میں سیکڑوں نوجوانوں کو بھرتی کیا گیا جو پچھلے آٹھ ماہ سے اپنی جائے تعیناتی پر ایمانداری سے ڈیوٹیاں سرانجام دے رہے ہیں مگر انہیں تنخواہیں ادا نہیں کی گئیں۔ ضروری کارروائی مکمل کرنے کیلئے نئے بھرتی شدہ ملازمین نے تمام مطلوبہ کوائف بھی بروقت اپنے متعلقہ دفاتر میں جمع کروائے مگر محکمہ خزانہ کے حکام کی جانب سے تصدیق کا بہانہ بنا کر ان ملازمین کی تنخواہیں جاری نہ کرنا ظلم کے مترادف ہے۔ ملازمین کے گھروں میں فاقوں کی نوبت آگئی ہے اور بیشتر ملازمین مالی مشکلات میں اضافے کی وجہ سے ذہنی کوفت میں مبتلا ہوکر مایوسی سے دوچار ہوگئے ہیں۔ ملازمین نے بتایا کہ تنخواہیں ملنے کی آس لئے انہوں نے گھریلو اخراجات پورے کرنے کیلئے قرضے لئے اور ان کیلئے یہ قرضے چکانا آسان نہیں ہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر خزانہ اور چیف سیکریٹری سے اپیل کی ان کے تنخواہوں کہ جلد از جلد ملازمین کی تصدیق کا عمل مکمل کرکے انہیں تنخواہیں ادا کرنے کے احکامات جاری کئے جائیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 23 APR 2024 Page No. 26

# صوبے میں ایئر ایمبولینس سروس کا اعلان،

## صوبائی حکومت کا عوام دوست فیصلہ

حکومت بلوچستان نے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار ایئر ایمبولینس سروس شروع کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کہنا ہے کہ بلوچستان حکومت نے تاریخ میں پہلی بار ایئر ایمبولینس کے آغاز کا فیصلہ کیا ہے۔ پیپلز ایئر ایمبولینس مریضوں کی ہنگامی منتقلی کے لئے متعین ہوگی۔ بلوچستان حکومت نے ایک جہاز فروخت کرنے کے بجائے عوام کے زیر استعمال لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومت کے دو طیاروں میں سے ایک کو ایئر ایمبولینس بنایا جائیگا۔ میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں ہیلتھ سروسز سمیت تمام شعبوں میں سروس ڈیلیوری کو بہتر بنایا جا رہا ہے۔ فیصلہ سازی کی ترجیحات بدل کر خاطر خواہ نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 APR 2024 Page No. 27

## اچھی خبروں کی نوید: حکومت کی سمت بالکل واضح ہے

بلوچستان سمیت ملک کے مختلف انتخابی حلقوں میں خالی نشستوں پر ضمنی انتخابات کا مرحلہ بخیر وخوبی مکمل ہو چکا ہے آٹھ فروری کے عام انتخابات کے مابعد ایک ایسے وقت میں جب ملک کے سیاسی منظرنامے پر غیر معمولی ہلچل، گہما گہمی اور صاف لفظوں میں کہیں تو سیاسی عدم استحکام کی فضاء بنی ہوئی تھی ایسے میں مبصرین وتجزیہ کاروں کی نظریں ان ضمنی انتخابات پر لگی ہوئی تھیں سو گزشتہ دو تین دنوں سے میڈیا پر ضمنی انتخابات کے چرچے تھے اسی دوران ملک میں دیگر مسائل بھی موجود رہے ایک اہم سرگرمی جو نہ صرف پاکستان اور ایران بلکہ پورے خطے کے لئے ایک اچھی نوید ہے وہ ایران کے صدر ڈاکٹر ابراہیم رئیسی کی قیادت میں ایرانی وفد کے تین روزہ دورہ پاکستان کی ہے ایران کے صدر اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ پاکستان آ چکے ہیں اور اس دوران پاکستان اور ایران کے مابین بہت سارے منصوبوں اور باہمی تعاون کے مسودات پر دستخط اور پیشرفت کا قوی امکان ہے ہم ایرانی وفد کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں دونوں ممالک نے نے دوطرفہ تعلقات خاص طور پر تجارت، توانائی، روابط، ثقافت اور عوامی سطح پر رابطوں میں تعاون کو وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا ہے اور آئندہ پانچ سال میں تجارتی حجم دس ارب ڈالر تک بڑھانے پر اتفاق کیا ہے دونوں ممالک نے سکیورٹی، تجارت، سائنس وٹیکنالوجی، ویٹرنری ہیلتھ، ثقافت اور عدالتی امور سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کے لئے آٹھ معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط بھی کر دیئے ہیں جو یقیناً بہت بڑی پیشرفت اور انتہائی قابل ستائش قدم ہے۔ ایران کا اعلیٰ سطحی وفد ایک ایسے وقت میں پاکستان آیا ہے جب مشرق وسطیٰ کی صورتحال کشیدہ ہے اور ایسے وقت میں دو برادر اسلامی ممالک کا ایک دوسرے کے قریب آنا اور باہمی تعاون کے نئے منصوبوں، تجارتی حجم میں اضافے اور دیگر امور پر متفق نہ صرف پاکستان او رایران بلکہ خطے اور مجموعی طور پر پوری دنیا میں جہاں جہاں مسلمان رہتے ہیں ان کے لئے ایک اچھی اور حوصلہ افزاء بات ہے جس پر ہم آئندہ بھی تفصیلی روشنی ڈالیں گی اسی دوران گزشتہ دو ہفتوں سے مسلسل پاکستان اور آئی ایم ایف کے مابین چل رہے معاملات بھی میڈیا پر موضوع بحث بنے ہوئے ہیں آئی ایم ایف، ورلڈ بینک کے حکام سے وزیر خزانہ کی ملاقاتوں بابت ہم مشرق کے انہی صفحات اور انہی سطور میں تفصیلات دیتے رہے ہیں آئی ایم ایف سے بیل آؤٹ پیکج کے لئے کوششیں جاری ہیں اور اچھی خبروں کی امید ہے گزشتہ روز واشنگٹن میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے یہ نوید دی ہے کہ آنے والے دنوں میں مزید اچھی خبریں ملیں گی یہ خبریں آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک سے ہوں گی جبکہ ساتھ ہی وزیر خزانہ نے یہ بھی کہا ہے کہ حکومت نے معیشت کی بحالی واستحکام کے لئے اقدامات کا جو سلسلہ شروع کیا ہے وہ نتیجہ خیز ثابت ہوگا حکومت کی سمت بالکل واضح ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سے متعلق امریکی رویے میں خوشگوار تبدیلی آئی ہے، امریکہ نے تعاون کی یقین دہانی کرادی ہے، ہم چینی مارکیٹوں تک رسائی حاصل کر رہے ہیں نیز یہ کہ عالمی اداروں سے بات چیت مثبت رہی۔ عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے کے

لئے مزید اقدامات ضروری ہے۔ معیشت کی بحالی کے لئے حکومت کی سمت بالکل واضح ہے، حالیہ دنوں میں پاکستان کی اسٹاک مارکیٹ میں تیزی آئی ہے، واشنگٹن میں دوست ممالک اور عالمی مالیاتی اداروں کے حکام سے ملاقاتیں انتہائی حوصلہ افزا رہیں۔ آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک سے بھی اچھی خبریں ملیں گی۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ اصلاحات کے ذریعے ٹیکس نظام میں بہتری لائی جا رہی ہے، بیرونی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے کیلئے مزید اقدامات بھی کرنا ہوں آئی ایم ایف پروگرام کا حجم اور دورانیہ کیا ہوگا؟ اسکی ان پٹ بجٹ میں دی جائے گی۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ بڑے سرمایہ کاروں نے پاکستان میں سرمایہ کاری کا عندیہ دیا ہے۔ سعودی عرب پاکستان میں پانچ ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گا انہوں نے اصلاحات اور پی آئی اے کی نجکاری بابت بھی اظہار خیال کیا اور کہا کہ حکومت کا کام کاروبار کرنا نہیں ہے ہم توقع کر رہے ہیں کہ دو سے تین ہفتوں میں قومی ایئرلائن کی نجکاری کے لئے بولیاں وصول ہو جائیں گی اور جون کے آخر یا جولائی کے شروع تک ہم اسے سرمایہ کاروں کے پاس منتقل کر سکتے ہیں وزیر خزانہ معاشی ٹیم کے ہمراہ آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے اسپرنگ اجلاسوں میں شرکت کے لئے ایک ہفتے واشنگٹن میں رہے پریس کانفرنس کے دوران وزیر خزانہ نے تفصیل کے ساتھ معیشت کی بحالی واستحکام کے لئے حکومتی اقدامات، کوششوں اور اب تک کی پیشرفت پر روشنی ڈالی اور اس موقف کا اعادہ کیا کہ پاکستان کو معاشی بہتری کے لئے نئے اقدمات کی ضرورت نہیں ہے بلکہ ان منصوبوں پر عملدرآمد کی ضرورت ہے جو ہم نے بنائے ہیں۔ انہوں نے اپنی معاشی حکمت عملی کے تین اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالی، جس میں ٹیکس نیٹ میں توسیع، شعبہ توانائی میں اصلاحات، اور سرکاری ملکیتی اداروں کی نجکاری شامل ہے ان کا کہنا تھا کہ حکومت نے ٹیکس نیٹ کو بڑھانے کے لئے قلیل، وسط اور طویل مدتی حکمت عملی مرتب کی ہے قبل ازیں گزشتہ روز ایک برطانوی خبر رساں ادارے سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے بتایا تھا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ تین ارب ڈالر کے موجودہ معاہدے کی مدت اپریل کے اواخر میں مکمل ہو رہی ہے اور اب حکومت ایک بڑے اور طویل دورانیے کے قرض کے حصول کی کوشش کر رہی ہے تاکہ معاشی چیلنجز سے نمٹا جا سکے اور ضروری اصلاحات کی جا سکیں جیسا کہ وزیر خزانہ نے کہا ہے حقیقت بھی یہی ہے کہ موجودہ حکومت نے آتے ساتھ ہی معیشت کی بحالی واستحکام کے لئے جو کوششیں وکاوشیں شروع کی ہیں وہ مستحسن بھی ہیں قابل ستائش بھی اور اس کے نتیجے میں اچھی خبریں بھی آنے لگی ہیں ہماری ریٹنگ بہتر ہو رہی ہے اگلے مالی سال کے دوران مزید بہتری اور ترقی کی توقع ہے یعنی وزیر خزانہ کی یہ بات بھی درست ثابت ہو جاتی ہے کہ معیشت کی سمت درست ہے اور اسی درست سمت کے نتیجے میں ابتدائی نتائج آ رہے ہیں رفتہ رفتہ صورت احوال مزید بہتر اور اطمینان بخش ہوگی تاہم معاشی بحالی واستحکام کے ہدف، مزید اچھی خبروں اور اچھے نتائج کے لئے حکومت کی یکسوئی ضروری ہے اور یکسوئی کے لئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے پس حکومت واپوزیشن کی تخصیص سے بالاتر ہو کر تمام سیاسی جماعتیں احساس ذمہ داری کا مظاہرہ کریں افہام وتفہیم اور یکجہتی کے ساتھ کام کیا جائے تاکہ سیاسی منظرنامے پر غیر یقینی کی کیفیت جنم نہ لے اور حکومت پائیدار معاشی وترقیاتی اہداف کے حصول میں کامیاب ہو۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 23 APR 2024 Page No. 28

# Good governance

Balochistan Chief Minister Sarfraz Bugti has promised "good governance" and provision of maximum relief to the public. Bugti said that Balochistan is facing many challenges, including terrorism, and providing maximum relief to the public and strengthening good governance are key priorities for the provincial government. No doubt good governance is very essential in Balochistan to fix the longstanding issues and provide relief to the masses. The main sectors of Balochistan such as health, education, agriculture and mining are in a state of pathetic condition and need prompt attention of the newly formed government. The people of Balochistan deserve to live in a province where resources are used for their betterment, where security prevails, and where opportunities abound. Only through good governance can this be achieved. The future of Balochistan, and Pakistan as a whole, depends on it. Balochistan's rugged mountains and vast deserts hold untold treasures, minerals, natural gas, and a strategic location on the Gwadar port. Yet, beneath this potential lies a story of immense despair. Decades of bad governance pushed the province into more difficulties and backwardness. The most insidious aspect of bad governance in Balochistan is the rampant corruption that pervades every level of administration. Development funds meant for schools, hospitals, and infrastructure projects have a notorious habit of disappearing into the pockets of a privileged few. This leaves the citizens of Balochistan with crumbling schools, overflowing hospitals, and a decaying infrastructure. The lack of transparency and accountability breeds a deep sense of cynicism and fuels resentment towards the state. Balochistan's mineral wealth, a potential source of prosperity, has become a symbol of exploitation. Multinational corporations often extract resources with minimal benefit to the local population.

The royalties that trickle down are often mismanaged, leaving the people to watch their land stripped bare while they themselves remain mired in poverty. This perception of a resource curse further fuels separatist sentiments and undermines national unity. The most tragic consequence of bad governance in Balochistan is the human cost. Young people, brimming with potential, are robbed of opportunities for education and employment. The lack of basic healthcare facilities leads to preventable deaths. Women and girls face limited access to education and are particularly vulnerable to the violence that plagues the province. A paradigm shift is desperately needed. Implementing strong anti-corruption measures and ensuring transparency in governance is the first step. Balochistan deserves better, and its future hinges on a commitment to good governance.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 APR 2024 Page No. 29


## آواران کے اہم ادارے غیر فعال کیوں؟


تحریر: شبیر لانگو


آواران کے تعلیمی ادارے نیم مردہ حالت فعال ہونے کے ساتھ ساتھ چند ایسے ادارے قائم ہیں جوکہ ان کے ملازمین لاکھوں تنخواہ وصول کر رہے ہیں مگر ان اداروں سے عوام کو ایک روپے کا فائدہ حاصل نہیں ہورہا ہے ان میں سے بیت المال، بہبود آبادی اور خوراک کے محکمے شامل ہیں۔ ان اداروں کی فعالی متعلق سینکڑوں بار اخباری بیانات اور مقامی سطح پر سوشل میڈیا میں خبریں چلائی گئی ہے مگر مجال کہ کوئی ادارہ نوٹس لے اور نہ کہ آواران کے سیاسی جماعتوں نے ایسے اداروں کی فعالی کے لیے اقدامات اٹھانے کی زحمت کی محکمہ خوراک گزشتہ دس سال سے زائد عرصہ غیر فعال ہے آواران کے علاوہ دیگر علاقوں میں یہ ادارہ باقاعدہ طور فعال ہے عوام کو لاکھوں روپے کی فائدہ دے رہے ہیں اس ادارے کا ذمہ داری ہے کہ عوام کو خوراک گندم اور دیگر اجناس سستے داموں میں فراہم کریں ہر سال گندم کا کوٹہ کہاں جارہا ہے اتنے سال گزرنے کے باوجود کسی کو پتہ نہیں ہے ہر ڈسٹرکٹ میں گندم کا کوٹہ ہوتا ہے جب کہ آواران میں یہ ادارہ غیر فعال ہونے کی وجہ سے عوام کو کسی قسم کا فائدہ دینے سے قاصر ہیں اسی طرح بیت المال ایک وفاقی ادارہ دیگر علاقوں میں فعال عوام کو بہترین سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔ مگر آواران میں اس ادارے کا نام ونشان تک نہیں ہے۔ دو ماہ قبل ایک لسٹ جاری ہوا جو سوشل میڈیا کی زینت بنا اس لسٹ میں 91 کاٹن کھجور بھی درج تھا جو کہ آواران کے عوام کو دینے تھے مگر یہ 91 کاٹن کھجور کس کو ملے ہیں ابھی تک کسی کو علم تک نہیں ہے یہ ادارہ صرف لسٹوں تک محدود ہے عملی کارکردگی صفر ہے دیگر اضلاع میں بیت المال سے غریبوں بیواؤں اور معذوروں کو ماہانہ رقم فراہم کر رہی ہے مریضوں کو علاج کے لیے بھی رقم فراہم کرتا ہے بیواؤں کو دستکاری مشین طلباء کو وظائف جاری کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں جبکہ یتیموں کو پرائمری سے ایف اے تک تعلیم دی جاتی ہے اور انکے تمام اخراجات ادارہ ہی برداشت کرتا ہے۔ بیت المال کے تمام ملازمین اکثر ڈسٹرکٹ سے باہر دیگر اداروں میں کام کر رہے ہیں جب ان سے رابطہ کیا جاتا ہے تو وہ مختلف قسم کے بہانہ کر کے جان چھڑانے کی کوشش کرتے ہیں تین بار انکے ایک کلرک سے فون پر بات ہوا ہے جب ان کو ادارے کے بارے میں سوال کرتے ہیں تو وہ یہی جواب دیتا ہے کہ ہمارے ادارے میں کوئی سہولیات نہیں ہے نہ کرسی نہ ٹیبل دیگر ضروریات کے سامان موجود نہیں ہے جب کہ ایک ادارے کو کرسی تک میسر نہیں کیا وہ عوام کے مفادات کیلئے کیا کرسکتا ہے بقول ایک کلرک کے کہ وہ خود ان ادارے سے مایوس ہے کیا سچ کیا جھوٹ جب تک ادارہ فعال نہیں ہوگا انکے ملازمین حاضر نہیں ہونگے یہ سب باتیں بے معنی ہے۔ بہبود آبادی ایک سرکاری ادارہ ہے ان کے ملازمین بھی اپنے کاروباروں میں معروف ہیں ایسے اداروں کے آفیسران یا خود غیر حاضر یا ایجنٹ کے ذریعے پوسٹنگ ہونے کی وجہ سے آواران آنے کا زحمت نہیں کرتے ہیں کیونکہ ایک ادارے کے سربراہ خود ڈیوٹی سے غیر حاضر رہے تو انکا اسٹاف کیسے ڈیوٹی پر حاضر ہونگے؟ زرعی بینک گزشتہ آٹھ سال سے آواران تو خضدار شفٹ ہوگیا ہے آواران ایک زرعی ڈسٹرکٹ ہے یہاں کے پیاز اور گندم اعلیٰ قسم کے ہوتے ہیں سالانہ لاکھوں ٹن پیاز کوئٹہ اور کراچی کے منڈیوں میں فروخت ہوتے ہیں مگر زرعی بینک نہ ہونے کی وجہ سے آواران کے زمینداروں کو لاکھوں روپے کا نقصانات کا سامنا ہے آواران میں زراعت محکمہ صرف کاغذی کارروائی تک محدود ہے لاکھوں روپے فنڈز جاری ہونے کے باوجود یہ ادارہ صرف کاغذی کارروائی تک محدود ہے اگر زراعت کی جانب سے کوئی بھی زرعی آلات آئے تو وہ صرف چند مخصوص لوگوں پر تقسیم ہوتے ہیں باقی غریب زمینداروں ہو کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوتی ہے اب آواران میں نیشنل پارٹی کے حکومت ہے میونسپل کمیٹی اور صوبائی اسمبلی تک نیشنل پارٹی حکومت کر رہا ہے اب دیکھتے ہیں کہ آواران کے غیر فعال ادارے فعال ہونگے یا نہیں ہونگے۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 23 APR 2024 Page No.



کوئٹہ صوبائی وزیر میر صادق عمرانی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں



صوبائی مشیر ماحولیات نسیم الرحمن ملاخیل پریس کلب کے صدر عبدالخالق سے ملاقات کر رہے ہیں



صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو اور سینیٹر دنیش کمار کو افسران محکمہ سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں



صوبائی مشیر افرادی قوت بابا غلام رسول عمرانی کو سائیں اسلم شاہ و دیگر مبارکباد دے رہے ہیں



کوئٹہ صوبائی وزیر امور حیوانات و ترقیات ڈیری بخت محمد کاکڑ کو سیکرٹری طیب لہڑی محکمانہ بریفنگ دے رہے ہیں



کوئٹہ صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی سے صدر گورکیج اور لیاقت لہڑی ملاقات کر رہے ہیں



صوبائی مشیر نسیم الرحمن پریس کلب کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کر رہے ہیں



صوبائی وزیر ریونیو عاصم کرد گیلو کو وزارت کی کرسی پر بٹھایا جا رہا ہے



کوئٹہ صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی کو سیکرٹری خزانہ گلدستہ دے رہے ہیں



صوبائی وزیر داخلہ ضیاء لانگو کو ایڈیشنل چیف سیکرٹری زاہد سلیم گلدستہ پیش کر رہے ہیں



صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران کو اعجاز سنجرانی مبارکباد دے رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 23 APR 2024 Page No.________



ڈی جی پی آر محمد نور کھیتران سے ڈپٹی کنٹرولر اسٹیشن ڈائریکٹر ریڈیو انیس الرحمان ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 23 APR 2024 Page No.________



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان یونیورسٹیوں کی طرف سے سرٹیفکیشن کورس بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner